286

آیات نمبر 83 تا 98 میں بیان کہ شیاطین کو کافروں پر مسلط کر دیا گیا ہے سو وہ انہیں ورغلاتے رہتے ہیں۔ روز قیامت کسی کو اللہ کی اجازت کے بغیر سفارش کا اختیار نہ ہو گا۔ اللہ کی طرف اولاد کی نسبت کرنا انتہائی سنگین بات ہے، روز قیامت تمام مخلوق اللہ کے بندے کی حیثیت ہی سے حاضر ہو گی۔

اَلَمۡ تَرَ اَنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا الشَّیٰطِیۡنَ عَلَی الۡکٰفِرِیۡنَ تَؤُزُّہُمۡ اَزًّا ﴿۸۳﴾ اے پیغمبر
(ﷺ)! کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ ہم نے شیطانوں کو کافروں پر مسلط کر دیا ہے جو انہیں
ہر وقت اکساتے رہتے ہیں فَلَا تَعۡجَلۡ عَلَیۡہِمۡ ؕ اِنَّمَا نَعُدُّ لَہُمۡ عَدًّا ﴿ۚ۸۴﴾ آپ
کافروں کے لئے نزول عذاب کی جلدی نہ کریں، ہم خود ہی ان کے دن شمار کر رہے ہیں
یَوۡمَ نَحۡشُرُ الۡمُتَّقِیۡنَ اِلَی الرَّحۡمٰنِ وَفۡدًا ﴿۸۵﴾ اور اس دن ہم متقی لوگوں کو رحمٰن
کے حضور مہمانوں کی طرح جمع کریں گے وَّ نَسُوۡقُ الۡمُجۡرِمِیۡنَ اِلٰی جَہَنَّمَ
وِرۡدًا ﴿ۘ۸۶﴾ اور مجرموں کو سخت پیاس کی حالت میں جہنم کی طرف ہانک کر لے جائیں گے لَا
یَمۡلِکُوۡنَ الشَّفَاعَۃَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنۡدَ الرَّحۡمٰنِ عَہۡدًا ﴿ۘ۸۷﴾ اس دن کسی کو
شفاعت کا اختیار نہ ہو گا سوائے اس شخص کے جس نے رحمٰن سے اجازت حاصل کر لی ہو
وَ قَالُوا اتَّخَذَ الرَّحۡمٰنُ وَلَدًا ﴿ؕ۸۸﴾ لَقَدۡ جِئۡتُمۡ شَیۡئًا اِدًّا ﴿ۙ۸۹﴾ اور یہ لوگ کہتے ہیں
کہ رحمٰن نے کسی کو اپنا بیٹا بنا لیا ہے، بلا شبہ تم نے یہ ایک انتہائی سخت بات کہہ دی ہے تَکَادُ
السَّمٰوٰتُ یَتَفَطَّرۡنَ مِنۡہُ وَ تَنۡشَقُّ الۡاَرۡضُ وَ تَخِرُّ الۡجِبَالُ ہَدًّا ﴿ۙ۹۰﴾ اَنۡ دَعَوۡا
لِلرَّحۡمٰنِ وَلَدًا ﴿ۚ۹۱﴾ قریب ہے کہ آسمان پھٹ پڑیں اور زمین شق ہو کر ٹکڑے ٹکڑے
ہو جائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو کر گر پڑیں اس بات پر کہ لوگوں نے رحمٰن کے لیے اولاد

ہونے کا دعویٰ کیا! وَ مَا يَنۡۢبَغِىۡ لِلرَّحۡمٰنِ اَنۡ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ؕ﴿۹۲﴾ حالانکہ رحمٰن کی یہ
شان نہیں کہ وہ کسی کو اپنی اولاد بنائے اِنۡ كُلُّ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ
اِلَّاۤ اٰتِى الرَّحۡمٰنِ عَبۡدًا ؕ﴿۹۳﴾ آسمانوں اور زمین کے اندر جو مخلوقات بھی ہیں
قیامت کے دن رحمٰن کے حضور محض اس کے بندے کی حیثیت سے حاضر ہوں گے
لَقَدۡ اَحۡصٰٮهُمۡ وَعَدَّهُمۡ عَدًّا ؕ﴿۹۴﴾ بے شک ہر چیز اللہ کے احاطہ علم میں ہے اور
اس نے ہر چیز کو شمار کر رکھا ہے وَ كُلُّهُمۡ اٰتِيۡهِ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ فَرۡدًا ﴿۹۵﴾
روز قیامت ہر شخص اللہ کے حضور تن تنہا اکیلا حاضر ہو گا اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَ
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجۡعَلُ لَهُمُ الرَّحۡمٰنُ وُدًّا ﴿۹۶﴾ یقیناً جو لوگ ایمان لے
آئے ہیں اور عمل صالح کر رہے ہیں عنقریب رحمٰن ان کے لیے دلوں میں محبت پیدا
فرما دے گا فَاِنَّمَا يَسَّرۡنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الۡمُتَّقِيۡنَ وَ تُنۡذِرَ بِهٖ
قَوۡمًا لُّدًّا ﴿۹۷﴾ اے پیغمبر (ﷺ)! ہم نے اس قرآن کو آپ کی زبان میں آسان بنا
دیا ہے تاکہ آپ اس کے ذریعے سے متقی لوگوں کو خوشخبری دیں اور جھگڑالو لوگوں
کو ان کے انجام سے خبردار کر دیں وَكَمۡ اَهۡلَـكۡنَا قَبۡلَهُمۡ مِّنۡ قَرۡنٍ ؕ هَلۡ
تُحِسُّ مِنۡهُمۡ مِّنۡ اَحَدٍ اَوۡ تَسۡمَعُ لَهُمۡ رِكۡزًا ﴿۹۸﴾ ہم ان سے پہلے کتنی ہی
قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں، کیا آپ کو ان میں سے کسی کا نشان نظر آتا ہے یا کسی کی
ہلکی سی آواز بھی سنائی دیتی ہے؟ رکوع [۶]

[#286]

Verses 83 to 98 explain that devils have been imposed on the disbelievers, so they continue to deceive them. On the Day of Judgment, no one will have the power to intercede without Allah's permission. Attributing offspring to Allah is a grievous matter; on the Day of Judgment, all creatures will present themselves solely as Allah's servants.

اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ﴿٨٣﴾

[O Prophet!] have you not seen that We have set the devils upon the disbelievers to incite them continuously [for disobedience]?

فَلَا تَعۡجَلۡ عَلَيۡهِمۡ‌ؕ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمۡ عَدًّا ۸۴

So, do not be in haste [for the punishment to descend upon the disbelievers]; We are indeed counting down their days [ourselves.]

يَوۡمَ نَحۡشُرُ الۡمُتَّقِيۡنَ اِلَى الرَّحۡمٰنِ وَفۡدًا ۸۵

And on that Day, We shall assemble the God-fearing [people] before [Allah], the Most Merciful, as honored guests.

وَّنَسُوۡقُ الۡمُجۡرِمِيۡنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرۡدًا‌ ۸۶

And We will drive the defiant unbelievers to Hell, like a thirsty herd [of cattle].

لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ
عَهْدًا ﴿۸۷﴾

[On that day], no one will have the power to intercede, except for the one who has permission from [Allah] the Most Merciful.

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿۸۸﴾ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْـًٔا اِدًّا ﴿۸۹﴾

And they [who disbelieve] said," [Allah] The Most Merciful has taken [for Himself] a son." Indeed, you have said a grievous thing.

تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَ تَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَ تَخِرُّ
الْجِبَالُ هَدًّا ﴿۹۰﴾ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿۹۱﴾

[it is such a grievous claim that] the heavens are almost torn apart, and the earth is split open, and the mountains collapse in devastation, because they attribute a son to [Allah] the Most Merciful!

وَمَا يَنْۢبَغِىْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ؕ﴿۹۲﴾

And it is not befitting for [the majesty of] [Allah], the Most Merciful to take [someone as] a son.

اِنْ كُلُّ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ اِلَّاۤ اٰتِى الرَّحْمٰنِ
عَبْدًا ؕ﴿۹۳﴾

Indeed, every being in the heavens and the earth, will come to [Allah] the Most Merciful as a servant, [on the Day of Resurrection].

لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ؕ﴿۹۴﴾

Indeed, everything is within His knowledge, and He has counted them precisely.

وَ كُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿۹۵﴾

And each one of them will return to Him all alone, on the Day of Judgment .

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ
الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿۹۶﴾

Indeed, those who believed and did righteous deeds - [Allah] the Most Merciful will soon create love for them in the hearts [of others].

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَ تُنْذِرَ بِهٖ
قَوْمًا لُّدًّا ﴿۹۷﴾

[O Prophet !] We have [revealed this Quran to you and] made it easy [to understand] in your own language, so that you may give glad tidings [of paradise] to the righteous and forewarn the contentious people [for the day of judgment]".

وَ كَمۡ اَهۡلَكۡنَا قَبۡلَهُمۡ مِّنۡ قَرۡنٍ ؕ هَلۡ تُحِسُّ مِنۡهُمۡ مِّنۡ

اَحَدٍ اَوۡ تَسۡمَعُ لَهُمۡ رِكۡزًا ﴿۹۸﴾ رکوع[٦]

And how many a [disbelieving] generations have We destroyed before them, [O Prophet!]. Do you see any one of them [now], or hear from them even a whisper.